اسلام اور عصر جدید

ڈاکٹر ذاکر حسین انسٹی ٹیوٹ آف اسلامک اسٹڈیز، جامعہ ملیہ اسلامیہ سے شائع ہونے والے سہ ماہی علمی و تحقیقی مجلہ 'اسلام اور عصرِ جدید' 1969ء میں، جامعہ کے ایک اہم معمار اور ممتاز دانشور ڈاکٹر سید عابد حسین کی ادارت میں، انہی کی تحریک پر قائم **'اسلام اینڈ دی ماڈرن ایج سوسائٹی'** کے زیرِ اہتمام شروع کیا گیا تھا۔ اس کا مقصد خود عابد صاحب کے لفظوں میں درج ذیل تھا:

- عصرِ حاضر کی مغربی تہذیب کے مختلف پہلوؤں کا تنقیدی مطالعہ اور ان عناصر کی نشان دہی جو اسلام کی روحانی اور اخلاقی تعلیم سے ہم آہنگ ہیں اور مسلمانوں کی جائز ذہنی اور مادی ترقی میں مدد دے سکتے ہیں، خصوصاً سائنس کے دائرۂ فکر کا تعین، سائنسی انداز نظر کی تشریح اور سائنس کی رفتار ترقی کا جائزہ
- اسلامی تعلیم اور اسلامی تہذیب کے ان پہلوؤں پر بحث جو مسلمانوں کے، ہندوستان کے، اور دنیا کے اہم ترین جدید مسائل کے حل میں مدد دے سکتے ہیں
- مسلمانوں کے ان کارناموں کا ذکر جنھوں نے انسانیت کے علمی اور تہذیبی سرمائے میں اضافہ کیا
- ان مسائل پر بحث کہ اسلام اور دنیا کے دوسرے بڑے بڑے مذاہب کس طرح اور کس حد تک مل کر روحانی اور اخلاقی اقدار کے معاملے میں تشکیک اور انکار کے اُس طوفان کا مقابلہ کرسکتے ہیں جو دنیا میں اٹھتا ہوا نظر آرہا ہے
- اسلامی معاشروں میں تجدد کی تحریکوں کا تنقیدی جائزہ
- اسلامی معاشروں کی علمی، تعلیمی اور تہذیبی رفتار ترقی کا جائزہ

ڈاکٹر عابد حسین کے بعد، اس جریدے کی ادارت کے فرائض انجام دینے والوں میں پروفیسر ضیاء الحسن فاروقی اور پروفیسر سید مقبول احمد، پروفیسر اختر الواسع، اور پروفیسر محمد اسحق جیسے دانش ور شامل رہے ہیں جن کی کشادہ ذہنی کے سبب اس جریدے میں ہر مکتب فکر، نقطہائے نظر، رویے اور رجحان کو نمائندگی حاصل رہی ہے۔ اس طرح 'اسلام اور عصر جدید' ایک ایسا کھلا فورم بن گیا جہاں ایک معروضی اور آزادانہ مکالمہ ممکن تھا۔ یہی وجہ ہے کہ اس جریدے میں شائع مضامین کو اب ایک دستاویزی حیثیت حاصل ہوگئی ہے اور وہ عصرِ حاضر میں اسلامی مطالعات کا ایک لازمی حوالہ بن گئے ہیں۔ ادارے نے مختلف عنوانات سے نادر خصوصی شمارے شائع کئے ہیں۔ فہرست درج ذیل ہے۔

- اسلامی تہذیب و تمدن (دورِ جاہلیت سے آغاز اسلام تک)
- نذرِ علی محمد خسرو
- بیاد خواجہ غلام السیّدین
- بیاد پروفیسر مشیر الحق
- افکارِ ذاکر
- مولانا عبید اللہ سندھی
- ڈاکٹر سید عابد حسین اور نئی روشنی
- مولانا آزاد کی قرآنی بصیرت
- نذرِ رومی
- قرآن مجید، مستشرقین اور انگریزی تراجم
- پیکر دین و دانش: امام غزالی
- معلمِ عصر: سعید نورسی